**Shabbir / Fazil**

**19-02-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں فہیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں India AI Impact Summit 2026 کا افتتاح کریں گے۔

2- برطانیہ کے سابق وزیر اعظم رِشی سونک نے کہا ہے کہ بھارت، مصنوعی ذہانت، AI کے معاملے میں رہنما بننے کی پوزیشن میں ہے اور بھارت نے اپنے سماج میں بڑے پیمانے پر AI کی تنصیب اور اُسے اپناتے ہوئے اس بات کا مظاہرہ کیا ہے۔

3- فوڈ کارپوریشن آف انڈیا نے عالمی سطح پر بھوک کو مٹانے کیلئے ورلڈ فوڈ پروگرام کے ساتھ چاول کی فراہمی کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

4- رمضان المبارک کا مقدس مہینہ آج سے ملک میں شروع ہو گیا ہے۔

5- مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کے گروپ A کے آخری میچ میں کل احمد آباد میں دفاعی چیمپئن بھارت نے نیدرلینڈز کو 17 رن سے ہرا دیا۔

6- اور چھٹی قومی رافٹنگ چیمپئن شپ جموں و کشمیر کے ڈوڈا ضلعے کے Shibnote میں آج سے شروع ہو رہی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM AI Impact Summit

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی کے بھارت منڈپم میں انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ کا افتتاح کریں گے۔

افتتاحی تقریب سے فرانس کے صدر امینوئیل میخوں، اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گتریس نیز دنیا بھر سے آئے مختلف چوٹی کے صنعتی رہنما بھی خطاب کریں گے۔ افتتاحی تقریب کے بعد یہ رہنما انڈیا اے آئی امپیکٹ ایکسپو بھی دیکھیں گے۔x

V/C Anupam Mishra

دوپہر میں ان رہنماؤں کا مکمل اجلاس ہوگا جس میں سربراہان مملکت، وزراء، کثیر جہتی اداروں کے سینئر نمائندے جمع ہوں گے جو اے آئی پر قومی اور عالمی ترجیحات کا خاکہ تیار کریں گے جس میں گورننس، انفرااسٹرکچر اور بین الاقوامی تعاون شامل ہیں۔

وزیراعظم مودی شام کو CEO گول میز کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ یہ اجلاس عالمی ٹکنالوجی اور صنعتی فرموں کے سینئر ایگزیکیوٹیو کو حکومتی قیادت کے ساتھ یکجا کرے گا تا کہ سرمایہ کاری، تحقیق تعاون، سپلائی چین اور اے آئی نظام کو بروئے کار لانے پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔

انڈیا اے آئی امپیکٹ سمٹ 2026 کا موضوع ہے: ''سروجن ہتائے، سرو جن سُکھائے''۔ اس کا مقصد بھارت کو اے آئی کے شعبے میں ایک لیڈر کے طور پر منوانا ہے اور ایک ایسے مستقبل کا تصور پیش کرنا ہے جہاں اے آئی انسانیت کو ترقی دے، ہمہ گیر ترقی کو فروغ دے اور ہمارے مشترکہ کرۂ ارض کی حفاظت کرے۔ اس سمٹ میں 500 سے زیادہ عالمی اے آئی لیڈران، تقریباً 100 چیف ایگزیکیوٹیو افسران اور بانیان، 150 ماہرین تعلیم اور محققین اور 400 چیف ٹکنالوجی افسران اور مخیّر حضرات شرکت کر رہے ہیں۔ اس میں 100 سے زیادہ حکومتی نمائندے بھی شامل ہیں جن میں 20 سے زیادہ سربراہانِ مملکت و حکومت اور تقریباً 60 وزراء اور نائب وزراء شامل ہیں۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں .....

<u>Rishi Sunak AI India</u>

برطانیہ کے سابق وزیراعظم رِشی سونک نے کہا ہے کہ بھارت، مصنوعی ذہانت، AI کے معاملے میں رہنما بننے کی پوزیشن میں ہے اور بھارت نے اپنے سماج میں بڑے پیمانے پر AI کی تنصیب اور اُسے اپناتے ہوئے اس بات کا مظاہرہ کیا ہے۔ نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے جناب سونک نے کہا کہ بھارت میں AI کے بارے میں پُر امیدی اور اعتماد پایا جاتا ہے، جبکہ مغرب میں اس وقت AI کو مسترد کرنے کے جذبات نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے اس بات کو تسلیم کر لیا ہے کہ ٹکنالوجی میں قیادت صرف ٹکنالوجی کی ایجاد پر منحصر نہیں ہوتی، بلکہ یہ اُسے بروئے کارلانے سے طے ہوتی ہے۔

جناب سونک نے کہا کہ AI کو بڑے پیمانے پر اپنانے کے بھارت کے منصوبے کو ہُنرمند افراد کی بڑی

تعداد، مضبوط ڈیجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچے اور ٹکنالوجی کے زبردست حامی عوام کی حمایت حاصل ہے۔ سابق برطانوی وزیر اعظم نے کہا کہ Stanford Global AI Vibrancy Report 2025 میں، بھارت نے AI مسابقہ آرائی اور متحرک ایکوسسٹم کے معاملے میں تیسرا مقام حاصل کیا ہے۔

بھارت، 16 سے 20 فروری کے دوران AI Impact Summit 2026 کی میزبانی کر رہا ہے، جس میں بڑی تعداد میں عالمی رہنما، ٹکنالوجی کے ماہرین اور اختراع کار شرکت کر رہے ہیں۔×

Google America India Connect

India AI Impact کے دوران Google نے اعلان کیا ہے کہ وہ 15 ارب ڈالر سرمایہ کاری کے 5 سالہ منصوبے کے حصے کے طور پر بھارت اور امریکہ کو نئے زیر سمندر کیبلز کے ذریعے جوڑے گا۔ ایک بیان میں کمپنی نے اطلاع دی ہے کہ امریکہ-انڈیا کنیکٹ نامی اشتراک پر مبنی بنیادی ڈھانچے کی اس پہل سے Vizag میں نیا بین الاقوامی زیر سمندر گیٹ وے قائم ہوگا۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ بھارت کو سنگاپور، جنوبی افریقہ اور آسٹریلیا سے جوڑنے والے تین نئے زیر سمندر رابطے اور 4 اسٹریٹیجک فائر آپٹک روٹس بھی قائم کیے جائیں گے۔

نئی دلّی میں India AI Impact کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے Google کے CEO سُندر پچائی نے کہا کہ نئے زیر سمندر کیبل روٹس کی یہ پہل، بھارت، امریکہ اور کرۂ ارض کے جنوبی حصے کے مقامات کو ایک دوسرے سے جوڑے گی۔×

India AI Impt Switzerland

India AI Impact Summit 2026 کیلئے نئی دلّی میں عالمی رہنماؤں کی آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے صدر Guy Parmelin، اے آئی سمٹ میں حصہ لینے کیلئے آج نئی دلّی پہنچے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارتِ خارجہ نے بتایا کہ صدر Parmelin کے دورے سے باہمی مفادات کے مختلف شعبوں میں، بھارت-سوئٹزرلینڈ شراکت داری مزید مضبوط ہوگی۔ ×

FCI Mou

فوڈ کارپوریشن آف انڈیا، FCI اور ورلڈ فوڈ پروگرام WFP نے بھوک سے لڑنے پر مرکوز انسانی بنیادوں پر چلائی جا رہی عالمی کارروائیوں کی حمایت کرتے ہوئے چاول کی فراہمی کی خاطر مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ صارفین کے امور، غذا اور عوامی نظامِ تقسیم کی مرکزی وزارت نے بتایا کہ FCI، اس مفاہمت نامے کے تحت WFP

کو دو لاکھ میٹرک ٹن چاول فراہم کرے گا۔

غذا اور عوامی نظامِ تقسیم کے محکمے کے سکریٹری سنجیو چوپڑا نے کہا کہ یہ معاہدہ، ہر کسی کی بھوک مٹانے کی یقینی دہانی پر مبنی ملک کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت، غذائیت کی کمی اور غذا کی غیر یقینی فراہمی سے لڑنے میں بین الاقوامی برادری کے ساتھ کھڑا رہے گا۔×

WB ECI

انتخابی کمیشن نے، مغربی بنگال میں جاری ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظر ثانی کے عمل، SIR کے تحت بڑے پیمانے پر رائے دہندگان کے دستاویزات آن لائن اَپلوڈ کرنے میں ناکام رہے متعلقہ الیکٹورل رجسٹریشن افسران، EROs اور اسسٹنٹ الیکٹورل رجسٹریشن افسران، AEROs کو وجہ بتاؤ نوٹسز جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکام کے مطابق سماعت مکمل ہونے کے 4 دن بعد بھی قریب ایک لاکھ 15 ہزار دستاویزات کا اَپلوڈ کیا جانا باقی ہے۔ انتخابی کمیشن نے سبھی EROs اور AEROs کو واضح طور پر ہدایت دے رکھی ہے کہ اگر کسی درخواست کو مسترد کیا جاتا ہے، تو اُس کی مخصوص وجہہ صاف صاف بتانی ہوگی۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Trump Borad of Peace

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ آج بورڈ آف پیس میٹنگ کی صدارت کریں گے اور میٹنگ میں شرکت کر رہی 20 رکن ریاستوں کی جانب سے غزہ کیلئے وعدہ کیے گئے 5 ارب امریکی ڈالر سے متعلق اعلان کریں گے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے وہائٹ ہاؤس پریس سکریٹری کیرولین لیوِٹ نے کہا کہ بورڈ آف پیس میٹنگ میں، اسرائیل اور حماس کے درمیان جاری جنگ کے دوران غزہ میں سکیورٹی برقرار رکھنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔×

Zelansky Geneva Talk

یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے کہا ہے کہ جنیوا میں منعقد ہونے والی امریکہ اور روس کے سہ فریقی مذاکرات کے نتائج کافی نہیں تھے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں زیلنسکی نے کہا کہ حساس سیاسی معاملات، جس میں جاری جنگ کے خاتمے سے متعلق ممکنہ سمجھوتوں پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔

انھوں نے اس بات کا اعلان کیا کہ اگلی میٹنگ اِس ماہ کے آخر میں ہوگی۔ جنیوا مذاکرات فروری 2022 میں شروع ہونے والی یوکرین اور روس کے درمیان جاری جنگ کا مذاکراتی حل تلاش کرنے کیلئے امریکہ کی ثالثی میں جاری بین الاقوامی کوششوں کا حصہ ہے۔x

Ramzan Moon

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ آج سے شروع ہوگیا ہے۔ ملک کے کئی علاقوں میں کل چاند نظر آ گیا۔ رمضان المبارک کا آج پہلا روزہ ہے۔ وزیرِاعظم نریندر مودی نے رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے شروع ہونے پر عوام کو نیک خواہشات پیش کی ہیں۔

سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب مودی نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ یہ بابرکت مہینہ سماج میں اتحاد کی روح کو مزید فروغ دے گا۔ انھوں نے اِس امید کا بھی اظہار کیا کہ اس سے چاروں طرف امن اور خوشحالی آئے گی۔x

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C New Desk

ملک بھر میں، رمضان المبارک کا مقدس مہینہ آج سے شروع ہو گیا ہے۔ رمضان المبارک، اسلامی کیلنڈر کا نواں مہینہ ہے۔ اس دوران مسلمان ایک مہینے تک روزہ رکھتے ہیں اور بڑے پیمانے پر غریبوں کی مدد کرتے ہیں۔ رمضان المبارک کے اختتام پر عیدالفطر کا تہوار منایا جاتا ہے۔ اس مہینے میں روزے دار خود کو برائیوں سے بچانے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ روزے کی شروعات طلوعِ آفتاب سے پہلے سحری کے ساتھ ہوتی ہے اور اس کا اختتام غروبِ آفتاب کے وقت افطار کے ساتھ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس مہینے میں خصوصی نماز، تراویح ادا کی جاتی ہے۔ اس دوران روزہ رکھنے والے ملک و قوم اور دنیا بھر میں امن و خوشحالی اور فلاح و بہبود کی دعا کرتے ہیں۔

نئی دلّی سے اردو نیوز ڈیسک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

ICC T20 Cricket Target

مردوں کے ICC - T20 کرکٹ عالمی کپ کے گروپ A کے مقابلے میں دفاعی چیمپئن بھارت نے نیدرلینڈز کو 17 رن سے ہرا دیا۔ یہ میچ کل شام احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ کے نقصان پر 193 رن بنائے۔ اس میں شیوَم دوبے کی جانب سے 31 گیندوں میں بنائے گئے 66 رن بھی شامل تھے۔

نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے نیدرلینڈز کی ٹیم 20 اوورس میں 7 وکٹ کھو کر 176 رن ہی بنا سکی۔ بھارت کی جانب سے ورون چکرورتی نے 3، جبکہ شیوَم دوبے نے 2 وکٹ لیے۔ دوبے کو اُن کی آل راؤنڈ کارکردگی کی وجہ سے پلییرَ آف دی میچ قرار دیا گیا۔

ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج ویسٹ انڈیز کا مقابلہ اٹلی سے ہوگا۔ یہ میچ صبح 11 بجے سے کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں کھیلا جائے گا۔ وہیں دوپہر تین بجے کولمبو میں سری لنکا کا سامنا زمبابوے سے ہوگا۔ اس کے بعد شام میں ایم-اے چدمبرم اسٹیڈیم میں افغانستان اور کینیڈا آمنے سامنے ہوں گے۔x

## Rafting Championship

چھٹی قومی رافٹنگ چیمپین شپ آج جموں اور کشمیر میں ضلع ڈوڈہ کے Shibnote میں شروع ہو رہی ہے،جس کا موضوع ہے: "The Ultimate River Battle" دریائے چناب کے خوبصورت پس منظر میں منعقد ہونے والی اس چیمپین شپ میں پیشہ ور رافٹنگ ٹیموں، ایڈوینچر کا شوق رکھنے والوں اور سیاحوں کی شرکت کا امکان ہے۔ یہ چیمپین شپ استقلال، ٹیم ورک اور دریا میں سفر کی مہارت کا امتحان لے گی، جو اسے ملک میں سب سے سنسنی خیز آبی کھیل مقابلوں میں سے ایک بناتی ہے۔

Shibnote میں قومی سطح کی چیمپین شپ کا انعقاد، جموں اور کشمیر کو ایک بڑے ایڈوینچر سیاحتی مرکز کے طور پر قائم کرنے کے طور پر قائم کرنے کی سمت ایک اہم قدم تصور کیا جا رہا ہے۔x

## Women Cricket T20

خواتین کرکٹ میں، بھارت آج کینبرا میں اپنے تین میچوں کی سیریز کے دوسرے ٹی۔ٹونٹی بین الاقوامی میچ میں آسٹریلیا کے خلاف کھیلے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بج کر 45 منٹ پر شروع ہوگا۔x

## IMD Weather

بھارت کے موسمیات محکمے IMD نے آج انڈومان اور نکوبار جزائر میں بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق پیر تک شمال-مغربی بھارت کے کچھ حصوں میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسئس تک کمی کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ اگلے دو دن کے دوران گجرات اور مہاراشٹر میں کم از کم درجۂ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسئس تک اضافے کا امکان ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسعد اللہ

شکریہ ۔فہیم احمد

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے موقع پر کئی سربراہانِ مملکت کی وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کی خبر کو صفحۂ اول پر شائع کیا ہے۔اسی اخبار کی ایک اور خبر ہے گوگل کے CEO سندرپچائی نے بھی وزیراعظم سے ملاقات کی اور بھارت میں مصنوعی ذہانت کے شعبے میں ہونے والے کاموں کی ستائش کی۔

'صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے وشاکھا پٹنم میں بین الاقوامی بیڑے کے جائزہ IFR 2026 میں شرکت کی'۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے نمایاں کیا ہے۔

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کی ناروے کے وزیراعظم سے ملاقات، ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ، اسٹارٹ اَپ، سیمی کنڈکٹرز اور قابل تجدید توانائی سمیت کئی اہم امور پر تبادلۂ خیال کیا۔ اِس خبر کو ہندوستان ایکسپریس نے اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

دس ریاستوں کیلئے راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں پر 16 مارچ کو ہوں گے انتخاب۔انتخابی کمیشن نے کیا اعلان، یہ خبر بھی آج کے اخباروں کی زینت ہے۔

رمضان کے مقدس مہینے کا چاند نظر آگیا، آج سے رمضان المبارک شروع، اس خبر کو سبھی اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے انڈیا اے ائی سمٹ 2026 کے موقع پر کئی شعبوں کے ماہرین سے ملاقات کی اور 'ویوز کریئٹر کارنر' کا افتتاح کیا۔اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے خصوصیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں India AI Impact Summit 2026 کا افتتاح کریں گے۔

2- برطانیہ کے سابق وزیر اعظم رِشی سونک نے کہا ہے کہ بھارت، مصنوعی ذہانت، AI کے معاملے میں رہنما بننے کی پوزیشن میں ہے اور بھارت نے اپنے سماج میں بڑے پیمانے پر AI کی تنصیب اور اُسے اپناتے ہوئے اس بات کا مظاہرہ کیا ہے۔

3- فوڈ کارپوریشن آف انڈیا نے عالمی سطح پر بھوک کو مٹانے کیلئے ورلڈ فوڈ پروگرام کے ساتھ چاول کی فراہمی کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

4- رمضان المبارک کا مقدس مہینہ آج سے ملک میں شروع ہو گیا ہے۔

5- مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کے گروپ A کے آخری میچ میں کل احمد آباد میں دفاعی چیمپئن بھارت نے نیدرلینڈز کو 17 رن سے ہرا دیا۔

6- اور چھٹی قومی رافٹنگ چیمپئن شپ جموں و کشمیر کے ڈوڈا ضلع کے Shibnote میں آج سے شروع ہو رہی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------